06.05.2025

Hrs08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے CBI ڈائریکٹر کی تقرری سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔

2- مرکزی داخلہ سکریٹری ماک ڈرل کے سلسلے میں آج ریاستوں کے چیف سکریٹریز کے ساتھ میٹنگ کریں گے تاکہ سول دفاع کی تیاریوں کا جائزہ لیا جا سکے۔

3- اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ شہریوں کو نشانہ بنانا، ناقابل قبول ہے اور اس کے ذمہ دار افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیے۔

4- بھارتی لیڈروں کے پُتلے کے معاملے پر بھارت نے کینیڈا سے اپنا احتجاج درج کیا ہے اور اُس سے انتہا پسندوں کے خلاف کارروائی کرنے کے لیے کہا ہے۔

5- بھارتی خواتین تیر انداز، شنگھائی میں تیر اندازی عالمی کپ کے دوسرے مرحلے میں ملک کی مہم کی قیادت کریں گی۔

6- اور IPL کرکٹ میں:

ممبئی انڈینس کی ٹیم آج شام وانکھیڑے اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا سامنا کرے گی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

CBI Meeting

وزیر اعظم نریندر مودی نے CBI ڈائریکٹر کی تقرری کیلئے کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ یہ میٹنگ کَل نئی دلّی میں وزیر اعظم کے دفتر میں منعقد کی گئی۔ بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کھنہ اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی نے شرکت کی۔

میٹنگ کے دوران، اگلے CBI ڈائریکٹر کی تقرری کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ میٹنگ CBI ڈائریکٹر پروین سود کی اِس مہینے کی 25 تاریخ کو دو سال کی مدت ختم ہونے سے پہلے منعقد کی گئی-x

## Civil Defence

وزات داخلہ نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ سِول دفاع کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے کَل ماک ڈِرل کریں۔ وزارت داخلہ نے ملک کے 244 زمرہ بند سِول دفاع کے اضلاع میں سِول دِفاع سے متعلق مشق اور ریہرسل منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مشق کے انعقاد کی منصوبہ بندی گاؤں کی سطح تک کی گئی ہے۔ مرکزی داخلہ سکریٹری گووِند موہن بھی آج سول دفاع ماک ڈِرل کے سلسلے میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ ریاستوں کے چیف سکرٹریز کے ساتھ ایک میٹنگ کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ سول دفاع کی مشق کا مقصد سول دفاع کے مختلف اقدامات کے کام کاج کی صلاحیت اور افادیت نیز باہمی تال میل کا جائزہ لینا ہے۔

## V-C Saklen

اس مشق کا مقصد تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں سِول دفاع کے طریقہ کار کی تیاری کا جائزہ لینا اور اس میں اضافہ کرنا ہے۔ اس کا بنیادی مقصد فضائی حملے کے دوران وارننگ کے نظام، بھارتی فضائیہ سے وابستہ ہاٹ لائن یا ریڈیو مواصلاتی لِنکس کو چلانے کے ساتھ ساتھ کنٹرول رومس کی فعالیت کو جانچنا ہے۔ اس مشق میں سول دفاع کے پہلوؤں پر شہریوں اور طلباء کی تربیت بھی شامل ہے، تاکہ دشمن کے حملے کی صورت میں خود کو محفوظ رکھا جاسکے۔ اس کے علاوہ ماک ڈِرل میں بلیک آؤٹ اقدامات کے علاوہ اہم تنصیبات کی حفاظت اور انخلاء کے منصوبے کو اَپ ڈیٹ کرنے کیلئے ریہرسل بھی شامل ہے۔

ثقلین کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## LOC Firing

بھارتی فوج نے کَل رات جموں و کشمیر میں کنٹرول لائن سے متصل علاقے میں پاکستانی فوج کی فائرنگ کا موثر طور پر جواب دیا۔ دفاع کے ذرائع نے بتایا ہے پاکستانی فوج نے جموں و کشمیر میں کنٹرول لائن سے متصل کپواڑہ، بارہمولہ، پنچھ، راجوری، میدھر، نوشیرا، سُندر بنی اور اخنور میں چھوٹے ہتھیاروں سے بلا اشتعال فائرنگ کی۔ بھارتی فوج نے اِس کا فوری اور مناسب جواب دیا۔ کسی کے ہلاک ہونے کی کوئی خبر نہیں۔x

## UN Chief Indo Pak Tension

اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری انٹونیو گتریس نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے اور متاثرین کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو نشانہ بنانا، ناقابل قبول ہے اور حملے کے ذمہ دار افراد کو معتبر قانونی طریقے سے انصاف

کے کٹھرے میں لایا جانا چاہئے۔ انہوں نے یہ بات نیویارک میں اقوام متحدہ کے صدر دفتر میں بھارت اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کو دور کرنے کیلئے سلامتی کونسل کی بند کمرے کی میٹنگ سے قبل صحافیوں سے کہی۔ جناب گُتریس نے یقین دلایا کہ اقوام متحدہ کسی بھی ایسے اقدام کی حمایت کیلئے تیار ہے، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان کشیدگی میں کمی آسکے نیز سفارتکاری اور امن کیلئے تجدید عہد کو فروغ حاصل ہوسکے۔

S/B Antonio Guteres

India Russia

روسی صدر ولادیمیر پتن نے وزیر اعظم نریندر مودی سے بات کی اور بھارت میں پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی۔ کل ٹیلی فون پر ہوئی بات چیت کے دوران جناب پتن نے بے قصور لوگوں کی ہلاکتوں پر دِلی تعزیت کا اظہار کیا اور دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں بھارت کے تئیں مکمل حمایت کا اظہار کیا۔

انھوں نے زور دے کر کہا کہ اِس وحشیانہ حملے کے سازش کاروں اور اُن کے حامیوں کو انصاف کے کٹھرے میں لایا جانا چاہئے۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے، روس اور بھارت کے درمیان اہمیت کی حامل خصوصی شراکت داری کو مزید گہرا کرنے کے اپنے عہد کا اعادہ کیا۔ x

Pakistan Global Airlines

ایئر فرانس اور Lufthansa سمیت دنیا کی سرکردہ ایئر لائنس نے پاکستانی فضائی حدود سے پرواز کرنا بند کردیا ہے تاکہ اُن کی پروازوں کی حفاظت ہو سکے۔

جرمنی ایئر لائنس Lufthansa نے ایک بیان میں کہا ہے کہ طیارے مزید نوٹس تک پاکستانی فضائی حدود سے گریز کر رہے ہیں۔ پروازوں پر نظر رکھنے والے اعداد و شمار سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ بین الاقوامی ایئر لائنس نے پاکستانی فضائی حدود سے گریز کرنا شروع کردیا ہے اور ممکنہ خطرے سے بچنے کے لیے متبادل راستوں کا استعمال کر رہی ہیں۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

India Canada

بھارت سرکار نے ٹورنٹو میں منعقدہ پریڈ کے حوالے سے نئی دلّی میں کینیڈا کے ہائی کمیشن کو سخت ترین الفاظ میں اپنی تشویش سے آگاہ کیا۔ اس پریڈ کے دوران بھارتی قیادت اور

کینیڈا میں مقیم بھارتی برادری کے خلاف ناقابل قبول تصاویر اور دھمکی آمیز زبان استعمال کی گئی تھی۔ ذرائع نے کہا ہے کہ بھارت نے ایک بار پھر کینیڈا کے حکام سے نفرت پھیلانے نیز انتہا پسندی اور علیحدگی پسند ایجنڈے کی حمایت کرنے والے بھارت مخالف عناصر کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ اتوار کے روز ٹورنٹو میں ایک ریلی نکالی گئی، جس میں کئی سرکردہ شخصیات کو توہین آمیز انداز میں دکھایا گیا۔×

## Sitharaman ADB

خزانے کی مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن نے اٹلی کے شہر میلان میں ایشیائی ترقیاتی بینک ADBکی سالانہ میٹنگ کے موقع پر اٹلی کے اپنے ہم منصب Giancarlo Giorgetti کے ساتھ میٹنگ کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت اور اٹلی کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مستحکم کرنے اور باہمی دلچسپی کے مسائل پر عالمی اور کثیر جہتی پلیٹ فارمز میں تعاون کو بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ میٹنگ کے دوران وزیراعظم نریندر مودی اور اٹلی کی وزیراعظم Giorgia Meloni کے ذریعہ نومبر 2024 میں اعلان کردہ مشترکہ اسٹریٹجک ایکشن پلان 2029-2025 کے نفاذ پر روشنی ڈالی گئی، جس سے ترجیحی شعبوں میں دونوں ملکوں کے باہمی تعاون میں گہرائی پیدا ہوگی اور تعاون کی رفتار بڑھے گی۔

محترمہ نرملاسیتارمن نے جاپان کے وزیر خزانہ Katsunobu Kato سے بھی ملاقات کی اور دونوں ملکوں کے درمیان خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت داری پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خزانہ نے زور دے کر کہا کہ جمہوریت اور قانون کی بالادستی کی مشترکہ اقدار پر مبنی بھارت-جاپان شراکت داری، بھارت-بحرالکاہل خطے میں امن وخوشحالی اور استحکام کو فروغ دینے کیلئے اہم ہے۔×

## US Illegal Immigrants

امریکہ میں ڈونلڈ ٹرمپ انتظامیہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ غیر قانونی تارکین وطن کو ایک ہزار ڈالر اور اُن کے سفری اخراجات ادا کرے گی اگر وہ رضاکارانہ طور پر ملک چھوڑ دیں۔ یہ اقدام بڑے پیمانے پر ملک بدر کیے جانے کی کوشش کو تیز کرنے کے طورپر کیا گیا ہے۔ ہوم لینڈس سیکیورٹی کے محکمے نے ایک تاریخی موقع کا اعلان کیا ہے جس کے تحت غیر قانونی افراد کو مالی اور سفری امداد دی جائے گی، تاکہ وہ اپنے آبائی ملک واپس جا سکیں۔x

## Israel Strikes Houthi

اسرائیلی فوج نے یمن میں بحیرۂ احمر کے شہر ہدیدہ میں حوثی باغیوں کے خلاف فضائی حملے کیے ہیں۔ یہ حملے حوثی باغیوں کے بیلسٹک میزائل داغے جانے کے ایک دن بعد کیے گئے ہیں، جو اسرائیل کے مرکزی ہوائی اڈے پر گرا تھا۔

حوثی میڈیا نے رپورٹ میں کہا ہے کہ کم از کم چھ حملے اہم بندرگاہ ہدیدہ پر ہوئے ہیں جبکہ دیگر حملے Bajil ضلعے میں ایک سیمنٹ فیکٹری کو نشانہ بناکر کیے گئے۔ اسرائیلی میڈیا نے کہا ہے کہ درجنوں اسرائیلی فضائی طیارے اس کارروائی میں شریک تھے۔

اس دوران امریکی فوج نے یمن کی راجدھانی صنعاء پر کئی حملے کیے ہیں۔x

ED WTC

انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ ED نے بڑے Real Estate گھپلے کے سلسلے میں WTC فرید آباد انفرااسٹرکچر پرائیویٹ لمیٹڈ اور دیگر اداروں سے متعلق 348 کروڑ روپے مالیت کے اثاثے قرق کیے ہیں۔

ایجنسی نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ اِن اثاثوں میں دلّی NCR، گروگرام، فرید آباد، نوئیڈا اور گوا میں زمین اور فروخت نہ ہونے والی جائیدادیں شامل ہیں۔

EDنے یہ الزام عائد کیا ہے کہ گروپ کے سربراہ آشیش بھلّا نے 12 ہزار سے زیادہ سرمایہ کاروں کو پکّے منافع کا جھانسہ دے کر دھوکہ دیا ہے، اور بجائے اس کے، کہ وہ سرمایہ کاری کرتے، انھوں نے فنڈس کو خرد برد کیا اور اپنے کنبے کے افراد کے زیر ملکیت اداروں کو کچھ رقم بیرونِ ملک منتقل کی۔ گواہوں کو متاثر کرنے کی کوشش کے بعد بھلّا کو چھ مارچ کو گرفتار کیا گیا تھا۔ ED اِس معاملے میں مزید تحقیقات جاری رکھے ہوئے ہے۔x

ED Bank Fraud

انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ ED نے بینک گھپلے کے ایک معاملے میں 296 کروڑ روپے مالیت کے اثاثے قرق کیے ہیں، جس میں Concast Steel and Power Limited اور اُس کے CMD سنجے کمار سُریکھا ملوث ہیں۔ اِن اثاثوں میں مغربی بنگال، اوڈیشہ اور جھارکھنڈ کی املاک اور زمین شامل ہے۔ سُریکھا نے فرضی کمپنیوں کے ذریعے بینک قرضوں میں تقریباً چھ ہزار 210 کروڑ روپے کی مبینہ طور پر خرد برد کی تھی۔ اُنھیں گرفتار کرلیا گیا ہے اور استغاثہ نے ایک شکایت درج کی ہے۔ مذکورہ ایجنسی نے اِس معاملے میں اپنی تحقیقات جاری رکھی ہے۔x

Culture Relic Auction

ثقافت کی وزارت نے کہا ہے کہ اُس نےSotheby ، ہانگ کانگ کے مقدس Piprahwa آثار کی نیلامی کو روکنے کیلئے فوری کارروائی کی ہے۔ 1898 میں Piprahwa کی کھدائی سے حاصل ہوئے آثار بہت زیادہ تاریخی اور روحانی اہمیت رکھتے ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اِن آثار کا تعلق بھگوان بدھ سے ہے۔ وزارت نے Sotheby کو قانونی نوٹس جاری کیا ہے، جس کا جواب دیتے ہوئے اُس نے اس معاملے پر مکمل توجہ دینے کا یقین دلایا ہے۔

ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے بھی یہ معاملہ برطانیہ کے ثقافت کے وزیر کے ساتھ اٹھایا ہے اور نیلامی کو روکنے اور مذکورہ آثار کی واپسی کو آسان بنانے کیلئے فوری کارروائی پر زور دیا ہے۔

وزارت ثقافت نے مزید یقین دلایا ہے کہ وہ بین الاقوامی قوانین کی تعمیل اور آثار کو بھارت لانے کو یقینی کیلئے سفارتخانوں اور حکام کے ساتھ مل کر کام کررہی ہے۔×

## Bihar Road Accident

بہار کے کٹیہار ضلعے میں Kursela پولس تھانے کے تحت علاقے میں، ایک سڑک حادثے میں کم سے کم 8 افراد ہلاک اور 2 دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ دیر رات اُس وقت پیش آیا، جب ریاستی شاہراہ 77 پر ایک چار پہیہ SUV اور ایک ٹریکٹر آپس میں ٹکرا گئے۔

کٹیہار صدر کے پولس ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ زخمیوں کو نزدیک کے ایک اسپتال میں داخل کردیا گیا ہے۔ جس وقت یہ حادثہ پیش آیا، سبھی مہلوکین SUV سے ایک شادی کی تقریب سے واپس آ رہے تھے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے ارونا چل پردیش، آسام، میگھالیہ، گجرات، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور رائل سیما میں آج دور دور تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات سے متعلق ایجنسی نے ساحلی آندھرا پردیش، یانم، کیرالہ اور ماہے میں کَل اسی طرح کا موسم رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

ایجنسی نے یہ بھی کہا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور اترپردیش میں اِس ہفتے گرج چمک، بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ کہیں کہیں اور دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## Sports Round UP

اور اب پیش ہیں: کھیلوں کی کچھ خبریں

ایک رپورٹ

V/C: Bimal

تیر اندازی کے عالمی کپ 2025 کے دوسرے مرحلے کا آغاز آج سے چین کے شہر شنگھائی میں ہوگا۔ بھارت کی سرکردہ خواتین تیر انداز Jyothi Surekha اور دیپیکا کماری ملک

کی قیادت کریں گی۔ 16 کھلاڑیوں پر مشتمل بھارتی ٹیم جس میں آٹھ مرد اور آٹھ خواتین شامل ہیں آج سے اس مہینے کی 11 تاریخ تک مقابلے میں حصہ لیں گی۔

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات دلّی کیپٹلس اور سنرائزرس حیدرآباد کے درمیان مقابلہ بارش کی وجہ سے منسوخ کردیا گیا۔ دونوں ٹیموں کوایک ایک پوائنٹ حاصل ہوا، جس کے بعد سنرائزرس حیدرآباد پلے آف کی دوڑ سے باہر ہوگئی ہے۔ آج شام ساڑھے سات بجے ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں میزبان ممبئی انڈینس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

بیڈمنٹن میں سابق عالمی نمبر ایک کھلاڑی کدامبی سری کانت، ابھرتے ہوئے کھلاڑی انمول Kharbاور Unnati Hooda ، Taipei Openٹورنامنٹ 2025 میں بھارت کی جانب سے حصہ لیں گے جو آج سے چین میں شروع ہونے جا رہا ہے۔

آکاشوانی دلی سے بمل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............

Bihar Khelo India

بہار میں، کھیلو انڈیا یوتھ گیمز میں کرناٹک کی ٹیم نے، کُل 9 تمغے جیتے ہیں، اور تمغوں کی فہرست میں اپنا پہلا مقام اور دبدبہ برقرار رکھا ہے۔ اس میں سونے کے چار، اور چاندی کے پانچ تمغے شامل ہیں۔

دلّی، سونے کے 2 تمغوں سمیت 6 تمغوں کے ساتھ دوسرے مقام پر، جبکہ راجستھان سونے کے 2 تمغوں سمیت 3 3 میڈلس کے ساتھ تیسرے مقام پر ہے۔

آج کھیلو انڈیا یوتھ گیمز کا تیسرا دن ہے، جس میں ہاکی، ٹیبل ٹینس، سائیکلنگ اور Rugby کے مقابلے آج شروع ہوں گےx۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......توحید حقانی

شکریہ - عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے پیر کے روز وزیراعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے درمیان فون پر ہوئی بات چیت کی خبر

کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے: روسی صدر بھارت آئیں گے، ولادیمیر پوتن نے وزیراعظم کے بھارت دورہ کی دعوت قبول کی۔

وزارت داخلہ کی جانب سے تمام ریاستوں کو جاری کی گئی ہدایات کی خبر کو اپنی سرخی بناتے ہوئے روزنامہ پرتاپ رقمطراز ہے: 7 مئی کو تمام ریاستوں کو ماک ڈرل کرنے کی مرکز کی ہدایت، ملک میں بلیک آؤٹ کی بھی ریہرسل ہوگی۔

کئی اخباروں نے نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کے کل ایک پروگرام میں دیئے اس بیان کو اپنے پہلے صفحہ پر بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی ایک عالمی بحران ہے اور جنگلات، صحت مند زندگی کی بنیاد ہیں۔

مرکزی وزیر نتن گڈکری نے تلنگانہ میں 3900 کروڑ روپے کی مالیت کے پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ ملاپ نے اُن کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ حکومت تلنگانہ کو مضبوط سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے سے جوڑنے کیلئے پُرعزم۔

اسی اخبار نے دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کے اس بیان کو پہلے صفحہ پر شائع کیا ہے کہ جلد ہی دلّی خواتین کمیشن تشکیل دیا جائے گا، تاکہ خواتین کے مسائل کو بہتر طریقے سے حل کیا جاسکے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے CBI ڈائریکٹر کی تقرری سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔

2- مرکزی داخلہ سکریٹری ماک ڈرل کے سلسلے میں آج ریاستوں کے چیف سکریٹریز کے ساتھ میٹنگ کریں گے تاکہ سول دفاع کی تیاریوں کا جائزہ لیا جا سکے۔

3- اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ شہریوں کو نشانہ بنانا، ناقابل قبول ہے اور اس کے ذمہ دار افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیے۔

4- بھارتی لیڈروں کے پُتلے کے معاملے پر بھارت نے کینیڈا سے اپنا احتجاج درج کیا ہے اور اُس سے انتہا پسندوں کے خلاف کارروائی کرنے کے لیے کہا ہے۔

5- بھارتی خواتین تیر انداز، شنگھائی میں تیر اندازی عالمی کپ کے دوسرے مرحلے میں ملک کی مہم کی قیادت کریں گی۔

6- اور IPL کرکٹ میں:

ممبئی انڈینس کی ٹیم آج شام وانکھیڑے اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا سامنا کرے گی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------